بسم اللہ الرحمن الرحیم

گلدستۂ درود



دعاوں میں یاد رکھنا خدا اور اس
کے رسول کے ذکر کا زباں پہ سواد
رکھنا
طالب دعا محمد عباس قادری

فضائلِ دُرُود و سلام

- درود و سلام پڑھنے سے گناہ بخشے جاتے ہیں۔ (کنز العمال)
- درود و سلام پڑھنے سے بھولی ہوئی چیز یاد آجاتی ہے۔ (کنز العمال)
- درود و سلام پڑھنے والے کی محتاجی دور ہو جاتی ہے۔ (سعادۃ الدارین)
- درود و سلام پڑھنے سے بدبختی دور ہو جاتی ہے۔ (صلوۃ الثناء)
- درود و سلام پڑھنے والا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا محبوب بن جاتا ہے۔ (صلوۃ الثناء)
- درود و سلام پڑھنے سے دل زندہ ہو جاتا ہے اور ہدایت کا باعث بن جاتا ہے۔
- درود و سلام تنگدست کے لئے صدقے کے قائم مقام ہو جاتا ہے۔ (جواہر البحار)

جن اوقات میں درود و سلام پڑھنے کی تاکید ہے

- پانچوں وقت کی نمازوں کے بعد
- اذان کے بعد
- اقامت نماز کے وقت
- مسجد میں داخل ہونے کے وقت
- مسجد سے باہر آنے کے وقت
- وضو کرتے وقت
- وضو کے بعد
- دعا کے اوّل درمیان اور بعد
- آثار متبرکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے وقت
- جمعہ کی رات اور دن
- صبح اور شام کے وقت
- پیر کی رات
- نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام مبارک کہنے اور لکھنے کے وقت
- گھر میں داخل ہونے کے وقت
- کسی چیز کے بھول جانے کے وقت
- مصیبت اور سختی کے وقت

جن اوقات میں درود و سلام نہ پڑھا جائے

- فرض واجب اور سنت مؤکدہ کے قعدہ اولیٰ میں التحیات کے بعد
- ذبح کے وقت
- چھینک آتے وقت
- تاجر سودا بیچتے وقت
- تعجب کے وقت
- جماع کے وقت
- انسانی حاجت کے وقت اور نجس مقام پر

رَبَّنَا

وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ
اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ
عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝

سورہ بقرہ
پارہ ۱ آیت ۱۲۸

اے ہمارے رب اور کر ہمیں تیرے حضور گردن رکھنے والا اور ہماری اولاد میں سے ایک امت تیری
فرمانبردار اور ہمیں ہماری عبادت کے قاعدے بتا اور ہم پر اپنی رحمت کے ساتھ رجوع فرما
بے شک تو ہی ہے بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان (ترجمہ کنزالایمان)

رَبَّنَا

اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

اے ہمارے رب ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور ہمیں آخرت میں بھلائی دے
اور ہمیں عذاب دوزخ سے بچا (ترجمہ کنزالایمان) سورۂ بقرہ پارہ ۲ آیت ۲۰۱

رَبَّنَا

اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ۝

سورۂ بقرہ
پارہ ۲ آیت ۲۵۰

اے ہمارے رب ہم پر صبر انڈیل اور ہمارے پاؤں جمے رکھ اور کافر لوگوں پر ہماری مدد کر (ترجمہ کنزالایمان)

رَبَّنَا

لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِيْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ

سورۂ بقرہ پارہ ۳ آیت ۲۸۶

اے ہمارے رب ہمیں نہ پکڑ اگر ہم بھولیں یا چوکیں۔ (ترجمہ کنزالایمان)

رَبَّنَا

وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ

سورۂ بقرہ
پارہ ۳ آیت ۲۸۶

اے ہمارے رب اور ہم پر بھاری بوجھ نہ رکھ جیسا تو نے ہم سے اگلوں پر رکھا تھا۔ (ترجمہ کنزالایمان)

ربنا

ولا تحملنا ما لا طاقة لنا به
واعف عنا وقفة واغفر لنا وقفة
وارحمنا وقفة انت مولنا فانصرنا
على القوم الكفرين ۝

سورۃ بقرہ
پارہ ۳ آیت ۲۸۶

اے ہمارے رب اور ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جس کی ہمیں برداشت نہ ہو اور ہمیں معاف فرمادے
اور ہم پر مہربانی کر تو ہمارا مولیٰ ہے تو کافروں پر ہمیں مدد دے۔ کنز الایمان

رَبَّنَا

لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝

اے ہمارے رب دل ٹیڑھے نہ کر بعد اس کے کہ تو نے ہمیں ہدایت دی اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا کر بے شک تو ہے بڑا دینے والا۔ (ترجمہ کنز الایمان) سورۃ آل عمران پارہ ۳ آیت ۸

رَبَّنَا

اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝

سورۃ مائدہ پارہ ۷ آیت ۸۳

اے ہمارے رب ہم ایمان لائے تو ہمیں حق کے گواہوں میں لکھ لے۔ (ترجمہ کنز الایمان)

رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝

سورۃ آل عمران پارہ ۳ آیت ۹

اے ہمارے رب بے شک تو سب لوگوں کو جمع کرنے والا ہے۔ اس دن کے لئے جس میں کوئی شبہ نہیں بے شک اللہ کا وعدہ نہیں بدلتا۔ (ترجمہ کنزالایمان)

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝

اے ہمارے رب ہمیں ظالموں کے ساتھ نہ کر۔ (ترجمہ کنزالایمان) سورۃ اعراف پارہ ۸ آیت ۴۷

رَبَّنَا

اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا
وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

سورۂ آل عمران
پارہ ۳ آیت ۱۶

اے ہمارے رب ہم ایمان لائے تو ہمارے گناہ معاف کر اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے (ترجمہ کنزالایمان)

رَبَّنَا

اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا
الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝

اے ہمارے رب ہم اس پر ایمان لائے جو تو نے اتارا اور رسول کے تابع ہوئے تو ہمیں حق پر گواہی
دینے والوں میں لکھ لے (ترجمہ کنزالایمان)

سورۂ آل عمران پارہ ۳ آیت ۵۳

رَبَّنَا

اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِیْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ○

سورۃ آل عمران پارہ ۴ آیت ۱۴۷

اے ہمارے رب بخش دے ہمارے گناہ اور جو زیادتیاں ہم نے اپنے کام میں کیں اور ہمارے قدم جمادے اور ہمیں ان کافر لوگوں پر مدد دے۔ (ترجمہ کنزالایمان)

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

سورۃ آل عمران پارہ ۴ آیت ۱۹۱

اے ہمارے رب تو نے یہ بیکار نہ بنایا پاکی ہے تجھے تو ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے ترجمہ کنزالایمان

رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝

سورۃ ابراھیم پارہ ۱۳ آیت ۴۰

اے ہمارے رب اور ہماری دعا سُن لے (ترجمہ کنزالایمان)

رَبَّنَا

إِنَّكَ مَن تُدْخِلِ النَّارَ
فَقَدْ أَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا
لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ أَنْصَارٍ ۝

سورۂ آل عمران
پارہ ۴ آیت ۱۹۲

اے ہمارے رب بے شک جسے تو دوزخ میں لے جائے اسے ضرور تو نے رسوائی دی اور ظالموں
کا کوئی مددگار نہیں۔ (ترجمہ کنزالایمان)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رَبَّنَا

اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا
يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا
بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ ۝

سورۃ آل عمران
پارہ ۴ آیت ۱۹۳

اے ہمارے رب ہم نے ایک منادی کو سنا کہ ایمان کے لئے ندا فرماتا ہے کہ اپنے رب پر ایمان
لاؤ تو ہم ایمان لائے۔ (ترجمہ کنزالایمان)

رَبَّنَا

اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ
لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ
وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝

سورۃ مائدہ ۵ پارہ ۷ آیت ۱۱۴

اے ہمارے رب ہم پر آسمان سے ایک خوان اتار کہ وہ ہمارے لیے عید ہو ہمارے اگلے پچھلوں کی اور تیری
طرف سے نشانی اور ہمیں رزق دے اور تو سب سے بہتر روزی دینے والا ہے (ترجمہ کنزالایمان)

رَبَّنَا

وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ
وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝


سورۃ آل عمران پارہ ۴ آیت ۱۹۴

اے ہمارے رب اور ہمیں دے وہ جس کا تو نے ہم سے وعدہ کیا ہے اپنے رسولوں کی معرفت اور ہمیں
قیامت کے دن رسوا نہ کر بےشک تو وعدہ خلاف نہیں کرتا۔ (ترجمہ کنزالایمان)

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا سکتہ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ۝

سورۂ اعراف
پارہ ۸ آیت ۲۳

اے ہمارے رب ہم نے اپنا آپ برا کیا تو اگر تو ہمیں نہ بخشے اور ہم پر رحم نہ کرے تو ہم ضرور نقصان والوں میں ہوئے۔ (ترجمہ کنزالایمان)


بسم الله الرحمن الرحيم
ربنا
لا تجعلنا فتنة للقوم
الظلمين ونجنا برحمتك
من القوم الكفرين ۝
سورۃ یونس
پارہ ۱۱ آیت ۸۵، ۸۶
اے ہمارے رب ہم کو ظالم لوگوں کیلئے آزمائش نہ بنا اور اپنی رحمت فرما کر ہمیں کافروں سے نجات دے

رَبَّنَا

إِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِي وَمَا نُعْلِنُ
وَمَا يَخْفَىٰ عَلَى اللَّهِ مِن شَيْءٍ
فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ ۝

اے ہمارے رب تو جانتا ہے جو ہم چھپاتے ہیں اور ظاہر کرتے اور اللہ پر کچھ چھپا نہیں زمین میں اور نہ آسمان میں

ربنا

فاغفر لنا ذنوبنا وكفر عنا سيئاتنا وتوفنا مع الابرار

اے ہمارے رب تو ہمارے گناہ بخش دے اور ہماری برائیاں محو فرما دے اور ہماری موت اچھوں کے ساتھ کر۔ (ترجمہ کنزالایمان) سورۂ آل عمران پارہ ۴ آیت ۱۹۳

ربنا

افرغ علينا صبرا وتوفنا مسلمين

سورۂ اعراف پارہ ۹ آیت ۱۲۶

اے ہمارے رب ہم پر صبر انڈیل دے اور ہمیں مسلمان اٹھا۔ (ترجمہ کنزالایمان)

رَبَّنَآ

اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّ
هَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا

سورۂ کہف
پارہ ۱۵ آیت ۱۰
(ترجمہ کنزالایمان)

اے ہمارے رب ہمیں اپنے پاس سے رحمت دے اور ہمارے کام میں ہمارے لئے راہ یابی کے سامان کر

رَبَّنَآ

اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَا
اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ۝

سورۂ طٰہٰ
پارہ ۱۶ آیت ۴۵

اے ہمارے رب بے شک ہم ڈرتے ہیں کہ وہ ہم پر زیادتی کرے یا شرارت سے پیش آئے۔ (ترجمہ کنزالایمان)

رَبُّنَا

الَّذِیْٓ اَعْطٰی کُلَّ شَیْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰی۝

سورۃ طٰهٰ
پارہ ۱۶ آیت ۵۰

ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر چیز کو اس کے لائق صورت دی پھر راہ دکھائی۔ (ترجمہ کنزالایمان)

رَبَّنَآ

اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ۝

سورۃ مومنون
پارہ ۱۸ آیت ۱۰۹
(ترجمہ کنزالایمان)

اے ہمارے رب ہم ایمان لائے تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم کر اور تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔

رَبَّنَا

اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ
اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا
اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۝

سورۂ فرقان پارہ ۱۹ آیت ۶۵-۶۶

اے ہمارے رب ہم سے پھیر دے جہنّم کا عذاب بے شک اس کا عذاب گلے کا غل (پھندا)
ہے۔ بے شک وہ بہت ہی بری ٹھہرنے کی جگہ ہے۔ (ترجمہ کنزالایمان)

ربنا هب لنا من ازواجنا وذريتنا قرة اعين واجعلنا للمتقين اماما ۝

اے ہمارے رب ہمیں دے ہماری بیبیوں اور ہماری اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنا (ترجمہ کنزالایمان) سورۂ فرقان پارہ ۱۹ آیت ۷۴

ربنا لغفور شکور ۝

سورۂ فاطر پارہ ۲۲ آیت ۳۴

اے ہمارے رب تو بخشنے والا اور قدر فرمانے والا ہے۔ (ترجمہ کنزالایمان)

ربنا

وسعت كل شيء رحمة و
علما فاغفر للذين تابوا
واتبعوا سبيلك وقهم
عذاب الجحيم ۝

سورۂ مؤمن
پارہ ۲۴ آیت

اے ہمارے رب تیرے رحمت وعلم میں ہر چیز کی سمائی ہے تو انہیں بخش دے جنہوں نے
توبہ کی اور تیری راہ پر چلے اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچالے۔ (ترجمہ کنزالایمان)

رَبَّنَا



وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ
اِلَّتِیْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ
اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَ
ذُرِّیّٰتِهِمْؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ
الْحَكِیْمُۙ وَقِهِمُ السَّیِّاٰتِؕ وَمَنْ
تَقِ السَّیِّاٰتِ یَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗؕ
وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ۠

سورۂ مومن
پارہ ۲۴
آیت ۸،۹

اے ہمارے رب اور انہیں بسنے کے باغوں میں داخل کر جن کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے اور انکو جو
نیک ہوں ان کے باپ دادا اور بیبیوں اور اولاد میں بے شک تو ہی عزت و حکمت والا ہے اور
انہیں گناہوں کی شامت سے بچا لے اور جسے تو اس دن گناہوں کی شامت سے بچائے تو
بے شک تو نے اس پر رحم فرمایا اور یہی بڑی کامیابی ہے۔ ترجمہ کنزالایمان

رَبَّنَا

اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ
سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ
فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَا
اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝

سورہ حشر
پارہ ۲۸ آیت ۱۰

اے ہمارے رب ہمیں بخش دے اور ہمارے بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لائے اور ہمارے دل
میں ایمان والوں کی طرف سے کینہ نہ رکھ اے ہمارے رب بے شک تو ہی بہت مہربان
رحم والا ہے۔ ترجمہ کنزالایمان

ربنا

لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ
كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا إِنَّكَ
أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝

سورۂ ممتحنہ
پارہ ۲۸ آیت ۵

اے ہمارے رب ہمیں کافروں کی آزمائش میں نہ ڈال اور ہمیں بخش دے اے ہمارے رب بے شک
تو ہی عزت و حکمت والا ہے۔ (ترجمہ کنزالایمان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رَبَّنَا عَلَیْکَ تَوَکَّلْنَا وَاِلَیْکَ اَنَبْنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ

سورۂ ممتحنہ
پارہ ۲۸ آیت ۴
(ترجمہ کنزالایمان)

اے ہمارے رب ہم نے تجھی پر بھروسہ کیا اور تیری ہی طرف رجوع لائے اور تیری ہی طرف پھرنا ہے۔

غنچۂ درود

نوری اکیڈمی
کی جانب سے ۲۰۲۰ء کا عظیم تحفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

سورۂ تحریم پارہ ۲۸ آیت ۸

اے ہمارے رب ہمارے لیے ہمارا نور پورا کردے اور ہمیں بخش دے۔ بے شک تجھے ہر چیز پر قدرت ہے

(ترجمہ کنزالایمان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَأَنتَ خَيْرُ الْفَاتِحِينَ

سورۂ اعراف پارہ ۹ آیت ۸۹

اے ہمارے رب ہم میں اور ہماری قوم میں حق فیصلہ کر اور تیرا فیصلہ سب سے بہتر ہے۔ (ترجمہ کنزالایمان)

رَبَّنَا اغْفِرْ لِی وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ

سورۂ ابراھیم
پارہ ۱۳ آیت ۴۱

اے ہمارے رب مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو اور سب مسلمانوں کو جس دن حساب قائم ہوگا۔
(ترجمہ کنزالایمان)

اردو
ھندی

چہل درود شریف

رضوی اکیڈمی
کی ایک عظیم و فخریہ
پیشکش

اسنادِ دعائے بزرگوار

اس دعا کے اسناد میں حضرت محمّد مصطفےٰ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نے یوں فرمایا کہ جو کوئی اس کو پڑھے یا اپنے پاس رکھّے اور اللہ تعالیٰ سے جو کچھ مانگے وہ حاصل ہو۔ اگر فقیر ہو تو تونگر ہو جائے۔ اور جاہل ہو تو عالم بن جائے ۔ بیمار ہو تو شفا پائے ۔ غرض جس مراد کے لئے پڑھے وہ مراد پائے۔ اگر پندرہ مرتبہ پڑھے تو زیارت نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم سے خواب میں مشرف ہو۔ اگر صدق نیّت سے پڑھے تو نورِ خدائے بزرگ و برتر خواب میں دیکھے گا ۔ دعائے بزرگوار یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللّٰھُمَّ یَا رَجَائِیْ یَا مُنَائِیْ یَا غِیَاثِیْ یَا مُرَادِیْ یَا مُعَافِیْ

یَا شِفَائِیْ یَا کِفَائِیْ کَفِّیْ یُحْیِیْ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ

اِغْفِرْلِیْ خَطِیْئَتِیْ یَوْمَ یُبْعَثُوْنَ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ

یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحْمٰنُ

يَا رَحِيْمُ يَا رَحِيْمُ يَا كَرِيْمُ يَا كَرِيْمُ وَصَلَّى

اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

دعائے ادائے قرض

جو شخص کسی غم یا قرض میں مبتلا ہو وہ صبح و شام یہ دعا پڑھے۔ جس کی تاکید رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کی ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ

الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ

سخت حرام ہے

نامِ اقدس لکھے تو درود ضرور لکھے کہ بعض علما کے نزدیک درود شریف لکھنا واجب ہے (درمختار، ردمختار) اکثر لوگ آج کل درود شریف کے بدلے صلعم، عم، ص، ع لکھتے ہیں یہ ناجائز و سخت حرام ہے۔ یوں ہی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جگہ رض، رحمۃ اللہ تعالیٰ کی جگہ رح لکھتے ہیں یہ بھی نہ چاہئے۔ جن کے نام محمد، احمد، علی، حسن، حسین وغیرہ ہوتے ہیں ان ناموں پر ص، ع بناتے ہیں یہ بھی ممنوع ہے کہ اس جگہ تو یہ شخص مراد ہے اس پر درود کا اشارہ کیا معنی۔ (طحطاوی وغیرہ)

ایصالِ ثواب کا طریقہ

سب سے پہلے وضو کرے، بعدہٗ قبلہ رو بیٹھ کر جس چیز پر فاتحہ دینا ہو اس کو سامنے رکھ لیں، سامنے رکھنا صرف مباح اور جائز ہے اگر وہ چیز ڈھکی ہو تو کھول لیں اور لوبان، اگربتی سلگائیں اور مستحب طریقے پر فاتحہ دیں۔ سب سے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر قرآن شریف کے چند رکوع تلاوت کرنے کے بعد سورۃ کافرون ایک بار پڑھیں ــــ پھر سورۃ اخلاص تین بار پڑھیں ــــ پھر سورۃ فلق ایک بار پڑھیں ــــ پھر سورۃ ناس ایک بار پڑھیں پھر سورۃ فاتحہ ایک بار پڑھیں ــــ پھر سورہ بقرہ الٓمّٓ سے مفلحون تک ایک بار پڑھیں ــــ پھر آیۃ خمسہ ایک بار پڑھیں ــــ اس کے بعد دونوں ہاتھوں کو اٹھا کر عرض کریں کہ ــــ

مالک بندہ نواز! میں نے جو قرآن پاک اس وقت تلاوت کی ہے، اگر کھانا، شیرینی یا کپڑا وغیرہ یا کوئی اور پاک حلال کمائی کی چیز ہو تو اسکا نام بھی لیں کہ ــــ جو قرآن پاک اور درود شریف اس وقت میں نے پڑھا ہے۔ میرے اس پڑھنے کا ثواب آقائے نامدار مدنی تاجدار دونوں عالم کے مالک و مختار حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روح پاک کو نذر عطا فرما کر جملہ آل و اولاد ازواج مطہرات وجملہ اولیائے کاملین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی ارواح پاک کو پہونچا نیز اہل خانہ کے تمامی مرحومین کی ارواح پاک کو ثواب پہونچا اور ان کی مغفرت فرما کر اپنے جوار رحمت میں جگہ مرحمت فرما۔ (آمین) سبحٰن ربک رب العزۃ عما یصفون و سلٰم علی المرسلین و الحمد للہ رب العٰلمین و بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ
پھر دونوں ہاتھوں کو اپنے منہ پر پھیر لیں (تفصیلی فاتحہ کے لئے ترکیب فاتحہ کا مطالعہ کریں)

فیضان غوث اعظم لائبریری

محمد عباس قادری

آپ سے دعاؤں کی درخواست ہے برائے مہربانی
میرے اور میرے اہل خانہ کے لئے دعا کریں

Sole Agent : NEW SILVER BOOK AGENCY, Mumbai-3. Tel : (022)345-5868, 347-8970

Published by : NOORI ACADEMY Howrah-2 W.B. India Tel : (033)650-2361, 877-0039 Cell : (0)98311-05292